Sl. Code **1002**

# 2015 (A)

**Roll No. of Candidate :** ....................................

# URDU (MT)

**Total Questions : 26** | **Total Printed Pages : 8**

Time : 3 Hrs. 15 Minutes ] | [ Full Marks : 100

परीक्षार्थी के लिए निर्देश :

**Instructions to the candidate :**

1. परीक्षार्थी यथासंभव अपने शब्दों में ही उत्तर दें।

   *Candidates are required to give their answer in their own words as far as practicable.*

2. दायीं ओर हाशिये पर दिये हुए अंक पूर्णांक निर्दिष्ट करते हैं।

   *Figures in the left hand margin indicate full marks.*

3. सभी प्रश्न अनिवार्य हैं।

   *All questions are compulsory.*

4. उत्तर देते समय परीक्षार्थी यथासंभव शब्द-सीमा का ध्यान रखें।

   *While answering the candidate should adhere to the word limit as far as practicable.*

5. इस प्रश्नपत्र को पढ़ने के लिए 15 मिनट का अतिरिक्त समय दिया गया है।

   *15 minutes of extra time have been allotted for candidates to read the questions.*

ہدایات: i) تمام سوالات لازمی ہیں۔

ii) باقی تمام سوالوں کے جوابات ان میں دی گئی ہدایت کے مطابق ہی دیں۔

iii) ہر سوال کا شماری نمبر سلسلہ وار ہے اور اسکے مارکس بائیں طرف حاشیہ پر درج ہیں۔

iv) جہاں 'یا' کے بعد کوئی سوال پوچھا گیا ہے، اس کا مطلب ان دونوں میں سے ایک ہی کا جواب مطلوب ہے۔

[ Turn over

BiharboardQuestionpaper.com

1. مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھئے : 4

محمود اپنی عمر کے دسویں ہی سال میں یتیم ہو گیا اور باپ کے مرنے کے تھوڑے ہی عرصہ بعد اس کی ماں بھی اسے چھوڑ گئی۔ قسمت نے اس کے عسرت زدہ ماموں کے مکان میں منتقل کر دیا۔ زندگی کی دشواریاں اس کے لئے نامہر لیکن عاقبت اندیش بن گئیں۔ ماحول کی ناسازگاریاں اسے جتنی زیادہ ٹھوکر لگاتیں اس کے اندر استواری اور استقامت کی کوششیں اتنی ہی زیادہ تیز ہوتی جاتیں۔

(الف) محمود کو یتیم ہونے کے بعد کہاں ٹھکانہ ملا ؟

(ب) یتیمی نے محمود پر کیا اثر ڈالا ؟

(ج) کسی دو الفاظ کے معنی لکھئے :

عسرت زدہ، منتقل، عرصہ، استقامت۔

2. خانہ ''الف'' اور خانہ ''ب'' کا مناسب جوڑ ملائیں : 4

| | خانہ ''الف'' | خانہ ''ب'' |
|---|---|---|
| (i) | اردو ڈرامہ نگاری اور آغا حشر | سرسید احمد خاں |
| (ii) | فہمیدہ اور منجھلی بیٹی حمیدہ کی گفتگو | ڈاکٹر قمر جہاں |
| (iii) | ریا | پروفیسر لطف الرحمن |
| (iv) | کٹی ہوئی شاخ | ڈپٹی نذیر احمد |

BiharboardQuestionpaper.com

3. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر پانچ جملے لکھیے: 5

(i) ڈاکٹر قمر جہاں

(ii) سر سید احمد

(iii) ڈاکٹر عبدالمغنی

4. قوسین میں دیئے گئے مناسب الفاظ سے خالی جگہوں کو پُر کریں : 4

اردو میں مختصر افسانے کا آغاز ............. کی ابتدا میں ہوا اور اس صنف نے تقریباً اپنے ............. سفر میں کئی ............. دیکھے۔

متفقہ رائے کے مطابق اردو کا پہلا مختصر افسانہ ............. کو تسلیم کیا جاتا ہے۔

(نصیر اور خدیجہ، سولہ سالہ، بیسویں صدی، نشیب و فراز)

5. درج ذیل افسانوں میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال لکھیں : 5

(i) بھابھی جان

(ii) آشیانہ

(iii) فرار

6. مضمون ''ادب کی پہچان'' کے مضمون نگار کون ہیں اور وہ کہاں پیدا ہوئے ؟ 2

7. ڈاکٹر عبدالمغنی کی دو کتابوں کے نام لکھیے۔ 2

[ Turn over

BiharboardQuestionpaper.com

2 مندرجہ ذیل میں سے کسی دو الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ معنی ظاہر ہو جائے

(i) تجارت

(ii) محبت

(iii) قرآن

(iv) کتاب

2 ڈاکٹر لطف الرحمان کا جو مضمون آپ کے نصاب میں ہے اس کا نام لکھیے۔

2 سورج گرہن اور چاند گرہن کا فرق بتائیے۔

11. مندرجہ ذیل میں سے کسی چار الفاظ کے مترادف (ہم معنی الفاظ) لکھیے :

| | | |
|---|---|---|
| انعام | تعریف | قدر |
| تہذیب | عبادت | عجیب۔ |

BiharboardQuestionpaper.com

12. مندرجہ ذیل اشعار کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے ۔ 4

تھی ایک مرغ کی ٹانگ اور رقیب لے بھاگا

مرا نصیب بھی جاگا پہ دیر میں جاگا

کباب اٹھایا تو اس میں لپٹ گیا دھاگا

ڈنر یہ کیا کہ نہ بیچھا ہے جس کا نے آگا

(الف) مندرجہ بالا اشعار کس نظم سے ہیں ؟ شاعر کا نام لکھئے۔

(ب) کسی دو لفظ کے معنی لکھئے :

رقیب - نصیب - ڈنر۔

کسی ایک نظم کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھئے : 5

(i) کھڑا ڈنر

(ii) مناظر قدرت

(iii) انڈیا گیٹ

مثنوی کی تعریف لکھئے اور کسی ایک مثنوی نگار کا نام لکھئے۔ 3

[ Turn over

BiharboardQuestionpaper.com

2 15. اپنے نصاب میں شامل کسی نظم کے دو شعر لکھیے۔

3 16. درج ذیل میں سے کسی ایک شعر کی تشریح کیجیے :

(i) یوں بھی کہتا ہے کسی سے کوئی اپنا حال زار — آپ تو سنتے نہیں دیوار و در سے کیا کہیں

(ii) تیرے ہوتے ہوئے محفل میں جلاتے ہیں چراغ — لوگ کیا سادہ ہیں سورج کو دکھاتے ہیں چراغ

3 17. قوسین میں دیے گئے الفاظ سے خالی جگہوں کو بھریں :

اپنی.......... پہ ہنسی آتی ہے — دشمنی.......... سے اور.......... کا پیکر رکھنا

(کانچ، آشفتہ مزاجی، سنگ)

4 18. درج ذیل الفاظ میں سے کسی چار کے معنی لکھیے :

(i) برق (ii) بزم (iii) منور (iv) ارض

(v) زنداں (vi) تاریکی۔ (vii) گلشن۔

4 19. 'ہندوستانی ادب' کے حوالے سے اردو کی پیدائش کے سلسلے میں چند جملے لکھیے۔

BiharboardQuestionpaper.com

20. مندرجہ ذیل کہانیوں کو ان کی بنیادی زبان سے ملایئے : 4

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | سکنڈ ہیڈ | (a) | بنگلہ |
| (ii) | سورج کا گھوڑا | (b) | آسامی |
| (iii) | ارجن | (c) | ملیالم |
| (iv) | خالی صندوق | (d) | کنڑ |

21. کہانی ''انگریزیا بابو'' کے اہم کردار کا نام لکھیے۔ 2

22. (الف) اسم نکرہ یا اسم عام کی تعریف مثال کے ساتھ لکھیے۔ 4

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کا اسم مصغر بنایئے:

باغ، دیگ، چمچہ، کھاٹ

23. درج ذیل میں سے کسی چار الفاظ کی جمع لکھیے : 4

مسجد، مندر، مدرسہ، کلیسا، عالم، جاہل، فقیر۔

24. کسی چار محاورے کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے : 4

تھر تھر کانپنا — آنکھ بچھانا — سر پر بٹھانا

آنکھوں کا تارا ہونا — ہاتھ نہ آنا — نو دو گیارہ ہونا



BiharboardQuestionpaper.com

25. اپنی امی جان کو ایک خط لکھیے اور امتحان میں شاندار کامیابی کے لئے دعا کی درخواست کیجئے۔ 8

یا

اپنے پرنسپل کو ایک درخواست لکھیے اور فیس معاف کرنے کی گزارش کیجئے۔

26. کسی ایک پر مضمون لکھیے : 10

(i) آپ کا پسندیدہ کتاب

(ii) پندرہ اگست

(iii) کسی تاریخی مقام کا سیر

(iv) شب برات

बिहार बोर्ड के नए और पुराने ऑफिसियल क्वेश्चन पेपर, मॉडल पेपर, आंसर-की, पाठ्यक्रम, नोट्स, मॉक टेस्ट, सेंट-अप और प्रैक्टिकल परीक्षा प्रश्न पत्र आदि के लिए...

BiharboardQuestionpaper.com

अभी विजिट करें ..